SBB / Adeel

11-04-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ بیگم

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 وزیراعظم نریندرمودی نے کہا ہے کہ بھارت کو اب، مسابقتی لاگت پر، عالمی درجے کی اشیا تیار کرنے کے لیے، عالمی سطح پر موزوں ترین ملک سمجھا جاتا ہے۔

2 وزیراعظم اور سینئر بی جے پی رہنما نریندر مودی، اتراکھنڈ میں رشی کیش اور راجستھان میں کرولی کے مقام پر انتخابی ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ سینئر کانگریس رہنما راہل گاندھی، راجستھان میں دو عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔

3 کلکتہ ہائی کورٹ نے CBI کو حکم دیا ہے کہ وہ، مغربی بنگال کے سندیش کھالی علاقے میں روپیہ پیسہ اینٹھنے، زمین ہتھیانے اور جنسی حملہ کیے جانے کے الزامات کی تحقیقات کرے۔

4 مرکز نے ریاستوں اور اپنے زیر انتظام علاقوں سے کہا ہے کہ وہ دالوں کے ذخیرے، خاص طور پر درآمد کی گئی پیلی دالوں کی، اور زیادہ نگرانی کرے۔

5 آج پورے ملک میں عید الفطر کا تہوار پوری مذہبی عقیدت اور جوش و خروش کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔

6 اور : ٹیبل ٹینس میں جرمنی میں، بھارت کی Yashaswini گھورپڑے، WTT Feeder Dusseldorf ٹورنامنٹ کے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئی ہیں۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Interview

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت کو اب عالمی درجے کی اشیاء کو، مسابقتی لاگت میں تیار کرنے کیلئے دنیا بھر میں موزوں ترین ملک سمجھا جاتا ہے۔ ایک امریکی میگزین کو دیئے گئے انٹرویو میں جناب مودی نے کہا کہ بھارت اُن لوگوں کیلئے مثالی جگہ ہے جو قابلِ انحصار اور ایک بڑی سپلائی چین قائم کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا

کہ لوگوں نے دیکھا کہ بھارت، دنیا کی گیارہویں سب سے بڑی معیشت سے کہیں زیادہ آگے بڑھ کر، پانچویں سب سے بڑی معیشت بن گیا ہے اور اُس کا مقصد دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت بننا ہے۔

جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ بھارت خلاء، مصنوعی ذہانت، ماحول کے لئے سازگار توانائی ، سیمی کنڈکٹرز اور مستقبل کی دیگر ٹیکنالوجیز جیسے شعبوں میں آگے بڑھ رہا ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت نے پچھلے دس سال میں غربت ختم کرنے کی سب سے بڑی مہم چلائی ہے اور اُس نے 25 کروڑ عوام کو غربت کے دائرے سے باہر نکالا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب اسکیموں اور پہلی بار اقدامات کرنے کی بات آتی ہے تو بھارت میں، پہلی بار حکومت نے ایک ایسا منفرد طریقۂ کار اختیار کیا ہے جس کا مقصد تمام تر لوگوں کو فائدہ پہنچانا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ یہ اسکیمیں اور اقدام کسی خاص برادری یا خطے سے تعلق رکھنے والے لوگوں تک محدود نہیں ہیں۔ اِن کا مقصد ہر شخص کو فائدہ پہنچانا ہے جس کا مطلب ہے کہ یہ کچھ اِس طرح تیار کئے گئے ہیں کہ اِن کے تحت کسی طرح کی تفریق نہیں کی جاسکتی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ اُن کی حکومت نے ''سب کا ساتھ، سب کا وکاس ، سب کا وشواس ، سب کا پریاس'' کے جذبے کے ساتھ کام کیا ہے۔ x

PM Uttarakhand Rajasthan Rally

پہلے اور دوسرے مرحلے کے لوک سبھا انتخابات کے لیے انتخابی مہم زور پکڑتی جا رہی ہے۔مختلف پارٹیوں کے سینئر رہنما اپنے امیدواروں کے حق میں ملک کے مختلف حصوں میں عوامی جلسے اور روڈ شو کا انعقاد کر رہے ہیں۔ پہلے مرحلے کے لیے ووٹنگ اس مہینے کی 19 تاریخ کو ہوگی جبکہ دوسرے مرحلے کے لیے ووٹنگ اس مہینے کی 26 تاریخ کو ہوگی۔

وزیراعظم اور سینئر بی جے پی لیڈر نریندر مودی آج اتراکھنڈ کے رشی کیش میں انتخابی ریلی سے خطاب کریں گے۔ اس ریلی کا مقصد گڑھوال ڈویژن کے تین پارلیمانی حلقوں ٹہری، ہریدوار اور پوری میں BJP امیدواروں کے حق میں حمایت حاصل کرنا ہے۔راجستھان میں بھی ، لوک سبھا انتخابات کے لیے انتخابی مہم زور شور سے جاری ہے۔

جناب مودی آج کرولی ضلع میں پارٹی امیدوار کی حمایت میں انتخابی ریلی سے خطاب کریں گے۔ اس ریلی کو ''وجے شنکھ ناد سبھا'' کا نام دیا گیا ہے اور یہ آج دوپہر ہوگی۔ سینئر کانگریس لیڈر راہل گاندھی آج ریاست میں عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔ جناب گاندھی کی پہلی میٹنگ بیکانیر لوک سبھا حلقے کے تحت انوپ سنگھ میں ہونی ہے، جبکہ وہ جودھپور لوک سبھا حلقے کے تحت Faluudi میں دوسری عوامی میٹنگ سے خطاب کریں گے۔

دونوں پارٹیوں کے دیگر متعدد رہنما بھی آج ریاست میں انتخابی مہم میں شامل ہوں گے۔x

MP Amit Sha

مدھیہ پردیش میں بی جے پی اور کانگریس سمیت سبھی پارٹیوں نے لوک سبھا انتخابات کے لئے اپنی ساری طاقت جھونک دی ہے۔ سرکردہ رہنماؤں سے لے کر علاقائی لیڈروں تک سبھی انتخابی مہم کے لئے لوک سبھا کے مختلف حلقوں میں پہنچ رہے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC- Sanjeev Sharma

*BJP کے سینئر رہنما اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ منڈلا اور Katni ضلعوں میں سیاسی ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ جناب شاہ ستنا اور Rewa ضلعوں میں بھی عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔ اُدھر کانگریس کے سبھی سینئر رہنماؤں نے کل بھوپال کے ریاستی دفاتر میں پارٹی کا منشور جاری کیا۔*

*کانگریس کے سینئر رہنما کمل ناتھ، دِگ وجے سنگھ، جیتو پٹواری اور ارون یادو پارٹی کے سرکردہ رہنما پارٹی کی قیادت کررہے ہیں۔ اس کے علاوہ BSP ، عام آدمی پارٹی، گووند وانا ، گنتنتر پارٹی اور آزاد امیدوار بھی اپنی انتخابی مہم میں مصروف ہیں۔*

BSP Mayawati

بہوجن سماج پارٹی کی سربراہ مایاوتی آج شمالی ناگپور کے اندور شہر میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کریں گی۔ وہ ناگپور سے یوگیش لنجے وار اور رام ٹیک سے سندیش میشرم کی حمایت میں عوامی جلسہ کر رہی ہیں۔

وزیراعظم اور سینئر بی جے پی رہنما نریندر مودی نے بھی کل ناگپور ضلعے کے رام ٹیک بلاک میں، کنہان کے مقام پر ایک عوامی جلسہ منعقد کیا تھا۔ جناب مودی نے شیو سینا کے Shinde گروپ کے امیدوار راجو پَروے کی حمایت میں عوامی جلسے سے خطاب کیا۔ رام ٹیک، لوک سبھا کے حلقے سے پہلی بار چناوَ لڑ رہے ہیں۔ x

Congress List

کانگریس نے لوک سبھا انتخابات کے دو امیدواروں کی ایک فہرست جاری کی ہے۔

ڈاکٹر کلیان کالے، جالنا سے اور ڈاکٹر شوبھا دنیش Bachhav، مہاراشٹر کے Dhule حلقے سے چناوَ لڑیں گی۔

3rd Phase Notification

لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کے لیے اطلاع نامہ کل جاری کیا جائے گا۔ اس مرحلے میں 10 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام 2 علاقوں پر مشتمل 94 لوک سبھا سیٹوں کے لیے ووٹ ڈالے جائیں گی۔

اس مرحلے میں گجرات کی سبھی 26 سیٹوں، کرناٹک کی 14 مہاراشٹر کی 11، اترپردیش کی 10، مدھیہ پردیش کی 8، چھتیس گڑھ کی 7 ، بہار کی 5، آسام اور مغربی بنگال کی 4/4 اور گوا اور دادر اور ناگر حویلی اور دمن اور دیئو میں ہر ایک کی 2 سیٹوں نیز جموں وکشمیر کی ایک سیٹ کے لیے ووٹ ڈالے جائیں گے۔

اس مرحلے کے لیے 19 اپریل تک کی نامزدگیاں داخل کی جا سکتی ہیں جبکہ 7 مئی کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔x

Centre Pulses

مرکز نے سبھی ریاستوں اور اپنے زیرِ انتظام علاقوں سے کہا ہے کہ وہ ذخیرہ کرنے والی سبھی کمپنیوں کی طرف سے، دالوں کے ذخیرے کے ہفتہ وار اعلان کا اہتمام کریں اور ان کی طرف سے اعلان شدہ ذخیرو ں کی توثیق کریں۔

صارفین امور کی وزارت نے کہا کہ بڑی بندرگاہوں کے گوداموں اور دالوں کے صنعتی مرکزوں میں موجود ذخیرے کی وقتاً فوقتاً توثیق کی جائے۔ اُس نے ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے یہ بھی کہا ہے کہ وہ ذخیرہ کرنے والی اُن کمپنیوں کے خلاف سخت کارروائی کرے جو اپنے ذخیرے کے اعلان کے پورٹل پر، غلط معلومات دیتی ہوئی پائی جائیں۔

صارفین امور کی سکریٹری ندھی کھرے نے کل نئی دلی میں ریاست کے صارفین امور،خوراک اور سول سپلائی کے محکموں کے پرنسپل سکریٹیز اور سکریٹریز کے ساتھ ایک میٹنگ کی۔

میٹنگ میں ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو ذخیرے کی صورتحال اور دالوں کی قیمت کے رجحانات پر نگرانی میں اضافے کی ضرورت کو اجاگر کیا گیا تاکہ ذخیرہ اندوزی اور مارکیٹ میں جان بوجھ کر کیے جانے والے اتار چڑھاؤ کو روکا جا سکے۔

ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے یہ بھی کہا گیا ہے کہ وہ پانچ اہم دالوں تور، اڑد، چنا، مسور اور مونگ کے علاوہ، درآمد شدہ پیلی دالوں کے ذخیرے کی صورتحال پر بھی قریبی نظر رکھیں۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Rajasthan Festival Gangpur

راجستھان میں Gangaur تہوار روایتی عقیدت اور جوش و خروش کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ روایتی لباس میں ملبوس خواتین Isar یعنی بھگوان شِو اور Gangaur یعنی دیوی پاروتی کی پوجا ارچنا کرتی ہیں۔ اس موقع پر جے پور سمیت پوری ریاست میں مختلف پروگراموں کا انعقاد کیا جارہا ہے۔

ایک رپورٹ

VC- Jitendra Dwivedi

*Gangaur کا شاہی جلوس آج اور کل جے پور کے فصیلی علاقے میں نکالا جائے گا۔ اس جلوس کی ایک جھلک دیکھنے کے لئے بھارت اور بیرون ملک سے ہزاروں لوگ جے پور پہنچ رہے ہیں۔ ادے پور میں بھی تین روزہ Gangaur تہوار آج سے شروع ہوگیا ہے۔ یہاں تین دن تک Gangaur کی شاہی سواری کا جلوس نکالا جائے گا۔ اِس موقع پر ہر سال بڑی تعداد میں سیاح سواری کے جلوس اور Ghoomar ڈانس دیکھنے آتے ہیں۔*

NIlgiris Key Consultancy

لوک سبھا انتخابات کے دوران اہم پارلیمانی حلقوں کے انتخابی منظر نامے کی سیریز کے تحت آج ہم تمل ناڈو کی نیل گری پارلیمانی سیٹ سے متعلق ایک رپورٹ پیش کررہے ہیں۔ یہ پہاڑی خطہ بھی ایک ریزروڈ حلقہ ہے اور اس میں کم سے کم 10 قبائلی گروپوں کی اچھی خاصی آبادی ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC- Joy

*Nil Giri لوک سبھا حلقہ 1957 میں وجود میں آیا تھا۔ پی گھاٹ پر واقع کرناٹک سے لے کر کیرالہ تک پھیلے ہوئے محفوظ جنگلاتی علاقے کے ایک بڑے حصے پر مشتمل ہے۔ اس پارلیمانی حلقے میں 6 اسمبلی سیٹیں ہیں جن میں سے تین کو 2021 کے اسمبلی انتخابات میں ریزرو حلقہ قرار دیا گیا تھا۔ انتخابات میں 14 لاکھ 18 ہزار اور 915 ووٹرز 16 امیدواروں کے لئے ووٹ ڈالیں گے۔*

*یہاں ڈی ایم کے، بی جے پی اور AIADMK کے درمیان سہ رخی مقابلہ ہے۔ اس حلقے میں BJP کو 1998 اور 1999 میں جیت حاصل ہوئی تھی۔*

HC Sandeshkhali

کلکتہ ہائی کورٹ نے، مرکزی تحقیقاتی بیورو CBI سے کہا ہے کہ وہ مغربی بنگال کے Sandeshkhali علاقے میں، روپیہ پیسہ اینٹھنے، زمین پر ناجائز قبضہ کرنے اور TMC کے معطل لیڈر شاہجہاں شیخ کے ہاتھوں، جنسی حملہ کیے جانے کے الزامات کی تحقیقات کرے۔

چیف جسٹس TS Sivagnanam کی قیادت میں‌ایک بینچ نے کہا کہ عدالت، CBI کی اس تفتیش کی نگرانی کرے گی۔ عدالت نے کہا کہ سندیش کھالی میں پیچیدہ معاملات کا تقاضہ ہے کہ ایک غیر جانبدارانہ تفتیش کی جائے اور لازمی ہے کہ ریاستی سرکار CBI کو وافر مدد فراہم کرے تاکہ وہ ان واقعات کی تحقیقات کر سکے۔

شاہجہاں شیخ اور اس کے ساتھی، سندیش کھالی میں روپیہ پیسہ اینٹھنے، زمین ہتھیانے اور جنسی حملہ کیے جانے کے کیسز میں اصل مجرم ہیں۔

شاہجہاں کو ریاستی پولیس نے، اُس کے 55 دن تک فرار رہنے کے بعد 29 فروری کو گرفتار کیا تھا۔ اُسے بعد میں عدالتی احکامات کے بعد CBI کے حوالے کیا گیا تھا۔x

IMD Pre Cyclone Exercise

بھارت کے محکمہ موسمیات نے اپریل سے جون 2024 تک کے موسم کے پیش نظر، کسی سمندری طوفان سے پہلے کی مشق انجام دی۔ یہ مشق کل نئی دلی میں ہائی برڈ وسیلے سے کی گئی۔ یہ مشق دو سال میں ایک بار کی جاتی ہے، تاکہ قدرتی آفات کے انتظامات کے، متعلقہ فریقوں کی تیاریوں کا جائزہ لیا جائے۔

اِس موقع پر محکمۂ موسمیات کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر Mrutyunjay مہاپاترا نے کہا کہ بھارت کے پاس پہلے سے وارننگ دینے اور پیشگوئی کرنے کا بہترین نظام موجود ہے۔ انھوں نے بتایا کہ محکمے نے، موسم سے متعلق کوئی فیصلہ کرنے میں مدد دینے کا ایک نظام ملک میں ہی تیار کیا ہے جس میں پچھلی دہائی کے مقابلے، پچاس فیصد سے زیادہ امکانات ہیں کہ محکمے کی طرف سے صحیح پیشگوئی کی جائے۔x

Eidul Fitr

آج عید الفطر منائی جارہی ہے جو رمضان کے ایک مہینے کے روزے پورے ہونے پر منائی جاتی ہے۔ آج مسلم برادری کے لوگ، عیدگاہوں اور بڑی مسجدوں میں عید کی نماز ادا کررہے ہیں۔

دلی میں عید کی نماز جامع مسجد ، فتحپوری مسجد اور شاہی عیدگاہ میں ادا کی گئی۔

صدر جمہوریہ ، نائب صدر جمہوریہ اور وزیراعظم نے اِس موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ یہ تہوار، رمضان کے ایک مہینے کے روزوں اور دعاؤں کے بعد منایا جاتا ہے اور یہ تہوار، محبت اور اخوت کا پیغام دیتا ہے۔ صدر مرمو نے کہا کہ عید کا موقع، غریبوں اور پسماندہ لوگوں کی مدد کرنے اور انہیں خوشیوں میں شریک کرنے کا موقع ہے۔

انہوں نے کہا کہ یہ تہوار ہر ایک کو تحریک دیتا ہے کہ وہ ایک پُرامن زندگی جئے اور سماج کی خوشحالی کے لئے کام کرے۔ نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کہا ہے کہ عید الفطر ہمیں ہمدردی، سخاوت اور اتحاد کی اُن اقدار کی یاد دلاتی ہے جو اِس تہوار کے پسِ پردہ ہیں اور ہمارے گوناگونیت کے حامل ملک کی اقدار کو اجاگر کرتی ہیں۔

انہوں نے دعا کی کہ عید کا تہوار، ہم سبھی کی زندگیوں میں خوشی، تکمیل اور بہت ساری نعمتیں لے کر آئے۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ اِس موقع پر ہمدردی، اجتماعیت اور امن کے جذبے کو مزید وسعت ملے۔x

Telangana Eid

عید الفطر آج حیدرآباد اور تلنگانہ ریاست کے دیگر حصوں میں بھی منائی جارہی ہے۔ عیدگاہوں میں عید الفطر کی سالانہ نماز کے اہتمام کے ساتھ ساتھ سبھی طرح کے انتظامات کئے گئے ہیں۔

حیدرآباد میں بہادرپورہ کے Mir Alam میں آج صبح دس بجے نماز عید ادا کی جائے گی۔ جس میں ہزاروں لوگ شرکت کریں گے۔x

Table Tennis Dusseldort

ٹیبل ٹینس میں کل جرمنی میں بھارتی کھلاڑی WTT Feeder Yashaswin Ghorpade Dusseldor ٹورنامنٹ کے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئی ہیں۔ انھوں نے خواتین سنگلز میں جنوبی کوریا کی Ji Eunchae کو 3-2 سے ہرا دیا۔اب اگلے راؤنڈ میں Yashaswini کا مقابلہ جنوبی کوریا کی ہی ایک اور کھلاڑی Kim Yayeong سے ہوگا۔x

IPL Cricket

آئی پی ایل کرکٹ میں کل رات جے پور کے سوائی مان سنگھ اسٹیڈیم میں گجرات TiTans نے راجستھان رائلز کو ایک سنسنی خیز میچ میں تین وکٹ سے ہرا دیا۔ گجرات نے 197 رن کے نشانے کا تعاقب کرتے ہوئے 7 وکٹ کے نقصان پر 199 رن بنائے۔ راشد خان نے میچ کی آخری گیند پر چھ رن بنا کر میچ جیتنے میں مدد کی۔ گجرات کے لئے کپتان شبھمان گِل نے 44 گیندوں میں 72 رن بنائے۔

اس سے پہلے راجستھان نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورس میں 196 رن بنائے تھے۔
راشد خان کو ان کی شاندار کارکردگی کے لئے player of the match کے انعام سے نوازا گیا۔
آج شام ساڑھے سات بجے ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں ممبئی انڈینس کا مقابلہ رائل چیلنجرس بینگلور سے ہوگا۔x

Badminton Asia Championship

بیڈمنٹن میں آج چین کے Ningbo میں خواتین کے سنگلز Pre-quarters میں دو بار کی اولمپک تمغہ یافتہ P.V.Sindhu کا مقابلہ چین کی چھٹے درجے کی کھلاڑی Han yue سے ہوگا۔ انھوں نے راؤنڈ 16 ویں پہنچنے کے لیے عالمی نمبر 33 کھلاڑی ملیشیا کی Goh Jinwei کو ہرایا تھا۔
وہیں مردوں کے سنگلز میں بھارتی مایۂ ناز کھلاڑی H.S.Prannoy کا مقابلہ کل راؤنڈ 16 میں تائیوان کے Lin Chun-Yi سے ہوگا۔ انھوں نے پہلے راؤنڈ میں چینی کھلاڑی Lu Guangzu کو ہرایا تھا۔

Dubai Eid Celebrations

عید الفطر کا تہوار دبئی میں بھی پوری مذہبی عقیدت اور جوش و خروش سے منایا گیا۔ یہاں رات کے وقت آتش بازی سے آسمان جگمگا اٹھا۔ دبئی میں عید الفطر، شہر کے متحرک جذبے اور ثقافتی تنوع کا عکاس ہوتا ہے۔x

یہ تھیں خبریں

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......آسیہ میمونہ
شکریہ -شبانہ

آج شائع ہونے والے اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ پرتاپ اور ہندوستان ایکسپریس نے امت شاہ کے اس بیان کو شہ سرخی بنایا ہے کہ مودی حکومت نے دیش کو نکسل شورش سے نجات دلائی ہے۔ بہار کی ریلی میں جناب امت شاہ نے کہا کہ بدعنوانوں کو ہر قیمت پر جیل جانا پڑے گا۔
روزنامہ راشٹریہ سہارا نے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کے اس بیان کو اپنی خبر کا موضوع بنایا ہے کہ آج دنیا بھارت کی طاقت کا لوہا مان رہی ہے جبکہ دیگر اخبارات نے راج ٹھاکرے کے اس بیان کو خصوصیت کے ساتھ شائع کیا ہے جس میں انہوں نے کہا ہے کہ مجھے کسی سے کوئی توقعات نہیں ہیں۔ میری حمایت صرف نریندر مودی کے لئے ہے۔
روزنامہ ملاپ نے اس خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے کہ لوک سبھا انتخابات 2024 میں اب تک 33 ہزار سے زیادہ بزرگ اور معذور ووٹروں نے گھر بیٹھے ووٹ ڈالے۔

روزنامہ پرتاپ نے پورے ملک میں عید الفطر منائے جانے کی خبر کو نمایاں طور پر پیش کیا ہے ۔ اس موقع پر نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ کی جانب سے ملک کے عوام کو عید الفطر کی مبارکباد دینے کی خبر کو بھی اخبار نے خصوصی طور پر پیش کیا ہے اور بین الاقوامی خبروں میں روزنامہ راشٹریہ سہارا نے اس خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیاہے۔''ہندوستان اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں مستقل نشست کے لئے کوشاں''

ایک رپورٹ کے مطابق یہ عالمی سطح پر ہندوستان کے ابھرتے ہوئے کردار کو تسلیم کرتا ہے۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیراعظم نریندرمودی نے کہا ہے کہ بھارت کو اب، مسابقتی لاگت پر، عالمی درجے کی اشیا تیار کرنے کے لیے، عالمی سطح پر موزوں ترین ملک سمجھا جاتا ہے۔

2 وزیراعظم اور سینئر بی جے پی رہنما نریندر مودی، اتراکھنڈ میں رشی کیش اور راجستھان میں کرولی کے مقام پر انتخابی ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ سینئر کانگریس رہنما راہل گاندھی، راجستھان میں دو عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔

3 کلکتہ ہائی کورٹ نے CBI کو حکم دیا ہے کہ وہ، مغربی بنگال کے سندیش کھالی علاقے میں روپیہ پیسہ اینٹھنے، زمین ہتھیانے اور جنسی حملہ کیے جانے کے الزامات کی تحقیقات کرے۔

4 مرکز نے ریاستوں اور اپنے زیر انتظام علاقوں سے کہا ہے کہ وہ دالوں کے ذخیرے، خاص طور پر درآمد کی گئی پیلی دالوں کی، اور زیادہ نگرانی کرے۔

5 آج پورے ملک میں عید الفطر کا تہوار پوری مذہبی عقیدت اور جوش و خروش کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔

6 اور : ٹیبل ٹینس میں جرمنی میں، بھارت کی Yashaswini گھورپڑے، WTT Feeder Dusseldorf ٹورنامنٹ کے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئی ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---